© rasailojaraid.com

# ضمنی امتحان میں شرکت کے خواہشمند طلباء/طالبات کے لئے خوشخبری

(۱) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا ضمنی امتحان ۱۴۲۶ھ/2005ء ان شاء اللہ تعالیٰ ۲۷/۲۸/۲۹ ذوالحجہ ۱۴۲۶ھ بمطابق 28/29/30 جنوری 2006ء بروز ہفتہ، اتوار، سوموار ہوگا۔ ہر روز صبح شام دو پرچے ہونگے۔ درجہ عالمیہ میں ترمذی شریف کا پرچہ بروز ہفتہ اور بخاری شریف کا پرچہ بروز اتوار صبح کے وقت ہوگا۔

(۲) سالانہ امتحان ۱۴۲۶ھ میں جو طلباء/طالبات ضمنی رہے ہیں وہ تمام طلباء/طالبات شرکت کے اہل ہوں گے۔ یعنی جن طلباء/طالبات نے 240 یا زائد نمبر حاصل کئے ہیں لیکن درجہ عالمیہ میں بخاری شریف یا ترمذی شریف میں فیل ہیں یا تحتانی درجات میں تین یا زائد مضامین میں فیل ہیں۔

اور درجہ متوسطہ کے لئے 280 نمبر حاصل کئے ہوں۔ لیکن تین یا زائد کتابوں میں فیل ہو۔

**ناکام (راسب) اور غیر حاضر طلباء/طالبات ضمنی امتحان میں شرکت کے اہل نہیں ہونگے**

(۳) ضمنی امتحان میں شرکت کے لئے زیر تعلیم ادارہ سے داخلہ فارم بھجوائے جاسکتے ہیں۔ سابقہ ادارے سے فارم بھجوانے کی پابندی ختم کردی گئی ہے۔

(۴) ضمنی امتحان کے لئے داخلہ فارم اور داخلہ فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ ۳ جنوری ۲۰۰۶ء ہے۔ اس کے بعد کوئی داخلہ قبول نہیں کیا جائے گا۔

## داخلہ فیس کی شرح درج ذیل ہے

| درجہ عالمیہ | درجہ عالیہ | درجہ خاصہ | درجہ عامہ | درجہ متوسطہ | دراسات دینیہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 145 | 115 | 95 | 90 | 85 | 90 |

نوٹ: ذمہ داران مدارس سے التماس ہے کہ داخلہ فارم پر مدرسہ کا الحاق نمبر اور سالانہ امتحان ۱۴۲۶ھ کا رقم التسجیل ضرور درج کریں۔ اس کے بغیر داخلہ فارم مسترد کردیا جائے گا۔

© rasailojaraid.com